مجله تحریک طالبان پاکستان
33
جمادی الثاني ۱۴۴۶ ھ ق بمطابق دسمبر ۲۰۲۴

MUJALLAH TALIBAN 33

https://umnews.net



01 ٹی ٹی پی کے موقف کی جانب گامزن،
مولانا فضل الرحمن سے عمران خان تک

02 ریاستی دہشت گردی اور نام نہاد انسانی حقوق

03 آئین یا مداری تماشہ

2024
1446
JAMDI UL SANI
DECEMBER

@umarmedia

فہرست مضامین

اداریہ

فوج کا معاشی بائیکاٹ

گزشتہ کچھ دنوں سے اسلام آباد میں پی ٹی آئی کی احتجاجی ریلی پر فائرنگ کے بعد چند چیزیں سامنے آئی ہیں جو "دیر آید درست آید" کا مصداق بن رہی ہیں ہم نے بطور مجاہدین اور خصوصا بطور مظلوم آج سے تقریبا بیس سال قبل یہ سمجھانا شروع کردیا تھا کہ کم ازکم اس فوج کا ساتھ نہ دیا جائے، اگر کسی نے ہماری جدوجہد میں ہمارا ساتھ نہ دیا تو کوئی بات نہیں، مگر ہمارے اور دین و وطن کی اس مشترکہ دشمن فوج کا ساتھ ہرگز نہ دیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ قبائلی جنگی علاقوں میں یہاں اس ظالم ٹولے کا مسلح ساتھ دیا گیا، جبکہ پشاور تا کراچی اس کی سیاسی طور پر مدد کی گئی

آپ کو یاد ہوگا جب ملاکنڈ سمیت قبائلی علاقوں اور بلوچستان کے ایک بڑے حصے پر ظالمانہ فوجی آپریشنز کا آغاز کیا، تو انہی سیاسی جماعتوں نے فوج کا ساتھ دیا اور پھر جب باری باری یہ لوگ حکومتوں میں آئے تو تب بھی ٹی پروگرامز میں اس کیلیئے لابی کی یہاں تک کہ آرمی چیف کو قوم کا باپ کہہ دیا گیا پھر جب اسی فوج نے ضروری سمجھا کہ ان سیاسیوں کو دھر لینا چاہیئے تو ایک ایک نے کیمرے کے سامنے اپنی مظلومیت کے قصے سنانا شروع کردیے، اور اب تو نوبت یہاں تک آ چکی ہے کہ گدھوں پر لادھی گئی فوج کی لاشوں تک کا مذاق اڑایا جا رہا ہے اور فوج کے معاشی بائیکاٹ پر تبصرے کیے جا رہے ہیں

ہماری دعوت کا طریقہ کار کسی کو طعنہ دینا نہیں ہے، مگر کسی کو اس کی غلطیوں کی نشاندہی کروانا عام طور پر دعوت کا حصہ ہے آپ سمجھ گیئے ہیں کہ آپ نے اس فوج کا ساتھ دیکر غلطی کی تو یہی کافی ہے

دیر آید درست آید

ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ اس فوج کیخلاف اسلحہ اٹھانا ضروری ہے مگراس کے ساتھ اس کا معاشرتی و معاشی بائیکاٹ بھی بہتر عمل ہے اوراسی طرح سوشل میڈیا کی طاقت کا استعمال کرکے ان کی جڑیں کاٹنا اوران کے حقائق سے پردہ اٹھانا بھی قابل تحسین ہے لہذا پاکستانی قوم کو اس حوالے سے بیدار رہنا چاہیئے اور کوشش کریں کہ یہ ملک اس کے اصلی باسیوں کو سپرد ہو اور یہاں وہی نظام رائج ہو، جس کیلیئے یہ وجود میں آیا نہ کہ رائل انڈین آرمی کی سینہ زوری اور ظالمانہ راج.





موسمِ سرما اور اسلامی تعلیمات

مولانا حمزہ ظفر صاحب

کائنات کا وجود اور اس میں ہونے والے تغیرات، جیسے مینہ برسنا، آندھیوں کا آنا، کہیں چلچلاتی دھوپ، اور کبھی دھوپ میں ہی بارش کا ہونا، ایسے ہی دریاؤں کا سوکھنا، آتش فشاؤں کا پھٹنا، دن رات کی آنکھ مچولی، ماہ وسال کا گزرنا اور اس کے بدلتے اثرات، یہ سب اللہ جل شانہٗ کے وجود پر دال ہیں کہ کوئی ہے جو ان انتظامات کو سنبھال رہا ہے، اور کوئی ہے جس کے ہاتھ میں ان تمام چیزوں کی ڈور ہے، تبھی تو سمندر کی حدود قائم ہیں، اور وہ اپنی حد سے آگے نہیں بڑھتا، سورج روزانہ نئی جگہ سے طلوع ہوتا ہے، لیکن کبھی مغرب سے طلوع نہیں ہوا، بادل پانی ہی برساتا ہے، آگ جلاتی ہی ہے، یہ تمام چیزیں اللہ رب العزت کے حکم کی محتاج ہیں، اور اسی کے فیصلے پر کاربند ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں اللہ جل شانہ نے ارشاد فرمایا:

"إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ" (القمر:۴۹)

ترجمہ: ''ہم نے ہر چیز کو اندازے سے پیدا کیا۔'' (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

اور ان تمام چیزوں کی تخلیق اور ان کے مسخر ہونے میں غور وفکر کی دعوت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ"(آلِ عمران:۱۹۰)

ترجمہ: '' بلاشبہ آسمانوں اور زمین کے بنانے میں اور یکے بعد دیگرے رات اور دن کے آنے جانے میں دلائل ہیں اہلِ عقل کے لیے۔'' (ترجمہ حضرت تھانویؒ)

ایسے ہی طرح موسموں کا بدلنا بھی اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کا مظہر ہے کہ کبھی سخت گرمی جو جھلسا دینے والی لُو کے ساتھ مزید سخت ہوجائے اور برف تک کو پگھلائے، اور کبھی یخ بستہ سردی، جو مائع کو بھی جما دے۔ کبھی ہر طرف ہریالی کی پوشاک اوڑھے پیڑ اور رنگ ہائے رنگ کے پھول، اور کبھی اداسی بکھیرتے خشک اور زرد پتوں کا موسم، یہ تمام حالات بھی اللہ جل شانہٗ کی طرف ہی سے ہیں، ان میں سے ہر موسم اپنی ایک منفرد اور الگ خصوصیت اور شناخت رکھتا ہے، اور ان میں انسان کے لیے بہت غور و فکر کرنے کی چیزیں ہیں۔

سردی کا وجود

سردی کے وجود کے پیچھے بھی اللہ جل شانہٗ کی ایک حکمت پنہاں ہے، اور ایک نظام اس کے پیچھے کار فرما ہے۔ حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اِشْتَكَتِ النَّارُ إِلٰى رَبِّهَا، فَقَالَتْ: "رَبِّ اَكَلَ بَعْضِيْ بَعْضًا"، فَاَذِنَ لَهَا بِنَفَسَيْنِ نَفَسٍ فِي الشِّتَاءِ وَنَفَسٍ فِيْ الصَّيْفِ، فَاَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ وَاَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الزَّمْهَرِيْرِ." (۱)

ترجمہ: ''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جہنم نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ اے میرے پروردگار! میرا بعض حصہ بعض کو

کھا رہا ہے، لہٰذا مجھے سانس لینے کی اجازت عنایت فرمائیں، اللہ تعالیٰ نے اسے دو سانس لینے کی اجازت دے دی، ایک سانس سردی میں اور ایک سانس گرمی میں، تم لوگ جو سردی کی ٹھنڈک محسوس کرتے ہو وہ جہنم کے (ٹھنڈا) سانس لینے کی وجہ سے ہے اور جو گرمی کی تپش محسوس کرتے ہو وہ جہنم کے (گرم) سانس لینے کی وجہ سے ہے۔''

موسمِ سرما مومن کے لیے بہار

موسمِ سرما بے شک خشکی سے بھرپور موسم ہے، لیکن مومن کے لیے یہ بہار کا کام کرتا ہے۔جس طرح بہار میں ڈھیروں پھول کھلتے ہیں، اور ہر طرف ہرے بھرے پیڑوں کی دلکشی و رعنائی انسان کو اپنی طرف کھینچتی ہے، اسی طرح سردیوں میں اعمالِ صالحہ پر بکثرت قادر ہونا، ان پر اجر کا بڑھ جانا، اس کی دیگر فضیلتیں مومن کو وہی مزہ اور فائدہ پہنچاتی ہیں، جیسا لطف انسان بہار کے موسم میں اٹھاتا ہے،وہ نیکیوں کے باغات میں خوب چرتا ہے، اور اعمالِ صالحہ کے میدانوں میں خوب دوڑیں لگاتا ہے، چنانچہ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ:

"الشِّتَاءُ رَبِيْعُ الْمُؤْمِنِ قَصُرَ نَهَارُهُ فَصَامَ وَطَالَ لَيْلُهُ فَقَامَ۔" (۲)

ترجمہ: ''سردی کا موسم مومن کے لیے بہار ہے، سردیوں کا دن چھوٹا ہوتا ہے، چنانچہ وہ اس میں روزہ رکھتا ہے، اور رات لمبی ہوتی ہے، چنانچہ وہ اس میں قیام کرتا ہے۔''

ایسے ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

''سردی کا موسم عبادت کرنے والوں کے لیے غنیمت کا موسم ہے۔'' (۳)

نیز مشہور تابعی عبید بن عمیر لیثیؒ جب سردی کا موسم آتا تو فرماتے:

''اے اہلِ قرآن! تمہاری نمازوں کے لیے راتیں لمبی ہوگئی ہیں، اور تمہارے روزے رکھنے کے لیے دن چھوٹے ہو گئے ہیں، لہٰذا اسے غنیمت جانو۔'' (۴)

ایسے ہی موسمِ سرما میں بوجہ مشقت مختلف اعمال کا اجر بھی بڑھا دیا جاتا ہے، اور ان پر اللہ تبارک و تعالیٰ ڈھیروں اجر عنایت فرماتے ہیں، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

"اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا يَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا، وَيَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ؟ "إِسْبَاغُ الْوُضُوءِ عَلَى الْمَكَارِهِ، وَكَثْرَةُ الْخُطَا إِلَى الْمَسَاجِدِ وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ۔" (۵)

ترجمہ: ''کیا میں تمہیں ایسا عمل نہ بتلاؤں جس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ گناہ معاف کردے اور درجات بلند کردے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ضرور بتلائیے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِرشاد فرمایا: (سردی وغیرہ کی) مشقت اور ناگواری کے باوجود کامل وضو کرنا، ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا اور مساجد کی طرف کثرت سے قدم بڑھانا، پس یہی رباط (یعنی اپنے نفس کو اللہ کی اِطاعت میں روکنا) ہے۔''

سردی کی شدت کی وجہ سے اکثر نرم گرم بستر کو چھوڑ کر اُٹھ کر وضو کرنا اور مسجد جانا ایک شاق امر ہے، اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے گناہوں کی مغفرت اور درجات کی بلندی کا سبب بتلایا ہے۔ معلوم ہوا کہ سردی کا موسم کثرت کے ساتھ عبادات کرنے کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔

موسمِ سرما اور تعلیماتِ نبوی

اسلام کی ایک امتیازی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس نے اپنے معتقدین کو زندگی گزارنے کے تمام احسن طریقے سکھائے ہیں، کوئی بھی شخص اسلام کے متعلق یہ نہیں کہہ سکتا کہ فلاں معاملہ میں ہم اسلام کو رہنما نہیں پاتے، بلکہ دنیوی واُخروی، داخلی و خارجی تمام چیزوں کے متعلق اسلام ہمیں تعلیمات سے روشناس کراتا ہے۔ موسم سرما بھی ان تعلیمات سے خالی نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے، نیز خلفاء اربعہ اور اسلاف امت نے اس موسم میں بھی احکاماتِ الٰہی کی طرف توجہ دلائی ہے، چنانچہ سب سے پہلے یہ جان لیں کہ تمام موسم، ان میں آنے والے حالات، اور ان کا انسانی زندگی پر اثر یہ سب اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے ہے، کسی موسم کی اپنی کوئی خوبی نہیں کہ اس کے آتے ہی راحتیں یسر ہوجائیں، اور کسی موسم کی خود کارستانی نہیں کہ اس کے دوران صعوبتیں پیدا ہوجائیں، یہ سب محض ارادۂ خداوندی سے ہے، اس لیے سردی ہو یا گرمی ہمیں موسم یا زمانہ کو برا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔ حضرت ابوہریرہ

رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"قَالَ اللہُ: يَسُبُّ بَنُو آدَمَ الدَّهْرَ وَأَنَا الدَّهْرُ، بِيَدِي اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ۔" (۶)

ترجمہ: "(حدیث قدسی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ جل شانہ فرماتے ہیں: "بنی آدم زمانے کو برا بھلا کہتا ہے، جبکہ میں زمانہ ہوں، رات دن کا پلٹنا میرے ہاتھ میں ہے۔"

اسی طرح موسمِ سرما میں ہونے والے موسمی بخار کی وجہ سے کئی لوگ بیمار ہوجاتے ہیں، اور نادانی میں بیماریوں کو بھی کوسنے لگ جاتے ہیں، جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے بھی منع فرمایا ہے، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے امِ سائب رضی اللہ عنہا کو بخار کو برا کہنے سے منع فرمایا، اور اس کی وجہ بھی بتلائی کہ یہ گناہوں کو ایسے دور کرتا ہے جیسے بھٹی لوہے سے زنگ کو دور کرتی ہے۔ (۷)

اعمالِ صالحہ

موسمِ سرما میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کثرت سے اعمالِ صالحہ کرنے کی ترغیب دی ہے، نیز موسمِ سرما اعمالِ صالحہ کی ادائیگی کے لیے، اور قضا روزوں کے لیے ایک بہترین سہولت ہے، جس میں کم مشقت برداشت کرتے ہوئے انسان اجرِ عظیم کا مستحق بن سکتا ہے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "الصَّوْمُ فِي الشِّتَاءِ الْغَنِيمَةُ الْبَارِدَةُ۔" (۸) یعنی "سردیوں میں روزہ رکھنا ٹھنڈی غنیمت ہے۔"

نادار اور مفلس لوگوں کے ساتھ ہمدردی

اُخوت، ایثار اور ہمدردی یہ ایسے جذبے ہیں جو اسلام نے ہی متعارف کروائے ہیں۔ دوسروں کے ساتھ بھلائی کرنے کی جیسی ترغیب اسلام دیتا ہے، اور کوئی نہیں دیتا۔ بھائی چارگی، صلہ رحمی، رحم دلی، اسلام کی اہم تعلیمات ہیں، جن میں اسلام صرف مسلمانوں کو ہی خاص نہیں کرتا، بلکہ غیر مسلموں حتیٰ کہ چوپایوں تک کو اس میں شامل کرتا ہے۔ ایسے ہی سردی کے موسم میں بعض غریب افراد ایسے ہوتے ہیں جو اپنے لیے گرم لباسوں کا انتظام نہیں کرپاتے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو ایسے نادار اور مفلس لوگوں کی مدد کرنے کی ترغیب دی ہے، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"أَيُّمَا مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا عَلَى عُرْيٍ كَسَاهُ اللہُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّةِ۔" (۹)

ترجمہ: "جو کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو کپڑا پہنائے گا، اللہ رب العزت اسے جنت کا لباس پہنائیں گے۔"

سردی کی شدت سے پناہ

ہر چیز میں خیر و شر دونوں پہلو موجود ہوتے ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر چیز میں اللہ تبارک وتعالیٰ سے خیر و عافیت طلب کی ہے، جبکہ اس چیز کے شر سے پناہ مانگی ہے۔ ایسے ہی سردی کے شر سے بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ چاہی ہے، چنانچہ حضرت ابو سعید خدری و حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:

"اگر سخت سردی کا دن ہو، اور اس وقت کوئی بندہ یہ دعا: "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللہُ، مَا أَشَدَّ بَرْدَ هٰذَا الْيَوْمِ، اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِي مِنْ زَمْهَرِيرِ جَهَنَّمَ" پڑھے، تو اللہ جل شانہ جہنم سے ارشاد فرماتے ہیں: "میرے بندے نے تیرے زمہریر نامی علاقے سے پناہ مانگی ہے، اور میں تجھے گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اسے پناہ دی۔" (۱۰)

موسمِ سرما میں شرعی سہولتیں

قانونِ الٰہی ہے کہ ہر تنگی آسانی لیے پھرتی ہے، ایسے ہی فقہاء کے یہاں ایک اصول متعارف ہے کہ "الْمَشَقَّةُ تَجْلِبُ التَّيْسِيرَ" کہ مشقت آسانی کو کھینچتی ہے، لہٰذا جہاں موسمِ سرما چند سختیوں کو اپنے دامن میں لیے پھرتا ہے، وہیں ڈھیروں راحتیں بھی یہ اپنے جلو میں لیے ہوئے ہے۔ شریعت نے جاڑے کے اس موسم میں پیش آنے والی پریشانیوں اور مشقتوں کا علاج بھی بعض سہولتوں کی صورت میں دیا ہے، جس میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

۱: گرم پانی کا استعمال

سردیوں میں پانی ٹھنڈا ہوتا ہے، جو جسم انسانی کو بیمار کرنے میں ایک بڑا کردار ادا کرتا ہے، لیکن شریعتِ مطہرہ نے سردی کی حالت میں ٹھنڈے پانی کے استعمال کرنے کو لازم نہیں قرار دیا، بلکہ گرم پانی استعمال کرنے کی بھی سہولت دی۔ تاہم گرم پانی کی

عدم دستیابی کی صورت میں ٹھنڈے پانی کے استعمال کرنے پہ بیش بہا فضائل بھی بیان کیے۔ ایک روایت میں سردی کی حالت میں اعضائے وضو کو مکمل دھونا، اور وضو اچھی طرح کرنے کو گناہوں کو مٹانے کا ذریعہ بیان کیا گیا ہے۔

۲ : تیمم کرنا

یہ بھی شرعی سہولیات میں سے ہے کہ سخت سردی کی حالت میں اگر گرم پانی دستیاب نہ ہو، اور ٹھنڈے پانی کے استعمال سے مرض کے بڑھنے یا جان جانے کا خطرہ ہو تو ایسی حالت میں تیمم کر کے پاکی حاصل کی جائے۔ غزوہ ذات السلاسل میں سخت سردی کی حالت میں حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے رخصت پر عمل کرتے ہوئے ایسے ہی تیمم کر کے نماز پڑھائی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو آپ مسکرانے لگے، اور کچھ بھی نہ فرمایا۔ (۱۱)

۳ : موزوں پر مسح کرنا

شریعت کی طرف سے ایک سہولت یہ بھی دی گئی ہے کہ اگر سردی ہو یا عام حالات میں بھی موزوں پر مسح کرنا چاہیں تو یہ جائز ہے، البتہ فقہاء نے موزوں پر مسح کرنے کے لیے چند شرائط بیان کی ہیں، اگر ان شرائط کا خیال رکھا جائے تو موزوں پر مسح کرنا جائز ہے۔

۴ : گھر میں نماز پڑھنا

جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا سنتِ مؤکدہ ہے، اور اس کے فضائل میں کئی احادیث، نیز اس کے ترک کرنے پر کئی وعیدیں بھی احادیث میں آئی ہیں۔ لیکن فقہاء نے چند صورتوں میں گھر میں نماز پڑھنے کی اجازت دی ہے۔ انہی صورتوں میں سے ایک صورت سخت سردی کا ہونا ہے، اگر سخت سردی ہو تو گھر میں نماز پڑھنے کی گنجائش ہے، جیسا کہ نافعؒ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ : ''انہوں نے ایک مرتبہ ''ضجنان'' نامی جگہ میں سردی کی ایک رات میں اذان دی، اور پھر فرمایا کہ اپنے اپنے خیموں میں نماز پڑھ لو، اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل ذکر کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی بارش اور سردی کی رات میں یہ حکم دیا کرتے تھے۔'' (۱۲)

موسمِ سرما اور حفاظتی اقدامات

موسمِ سرما کو انسان کی صحت کا دشمن بتایا گیا ہے، اور اس سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اپنانے کی ترغیب بھی دی گئی ہے، چنانچہ سلیم بن عامرؒ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں کہ جب سردیاں آتیں تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اپنے ماتحتوں کو خط لکھتے، جن کا مضمون یہ ہوتا :

''سرما آ پہنچا، جو ایک دشمن ہے؛ اس کے مقابلے کے لیے اونی کپڑے، موزے اور جرابیں وغیرہ تیار کرو، اون ہی کا لباس پہنو اور اوپر بھی اونی چادریں اوڑھو؛ کیونکہ سرما وہ دشمن ہے جو جلد داخل ہوتا ہے اور دیر سے جان چھوڑتا ہے۔'' (۱۳)

اللہ رب العزت نے اون اور اس کے رُویں کو اپنی نعمت میں شمار کیا ہے، جس سے انسان سردیوں میں اپنے لیے لباس تیار کرتا ہے، لہٰذا ایسے موقعوں پر انسان کو مناسب گرم لباس کا انتظام کرنا چاہیے، تاکہ وہ اللہ کے دیے ہوئے اس جسم کو مزید طاعات میں لگا سکے۔

موسمِ سرما کا پیغام

اللہ تبارک و تعالیٰ نے زمین و آسمان کی پیدائش اور دن رات کی تبدیلی میں اہلِ عقل کے لیے کئی عبرت کی نشانیاں رکھی ہیں۔ موسموں کا آنا، ماہ و سال کا گزرنا، ہرے بھرے درختوں کا سوکھ کر جھڑنا، پتوں کا ٹوٹ کر گرنا، یہ بتاتا ہے کہ ہر عروج کو زوال ہے، کوئی بھی چیز ابدی نہیں۔ موسمِ سرما' یہ پیغام دیتا ہے کہ جس طرح میرے آنے سے

درختوں کی دلکشی اور رعنائی عنقاء ہوئی، ان کے پتے جھڑ گئے، اور خس و خاشاک بن کر کچرے کے ڈھیروں پر پڑے، ایسے ہی انسان کا ایک وقت مقرر ہے، جس کے آتے ہی ساری لذتیں بے کار ہو جائیں گی، اور اس وقت وہ ساری تمناؤں اور تمام خواہشات کو چھوڑ کر اپنی اصل منزل کی طرف گامزن ہو جائے گا، لہٰذا انسان کو چاہیے کہ وقت رہتے ہی اپنی حقیقی منزل کو پہچانے اور اس کی تیاری کرے، قبل اس کے کہ فرشتۂ اجل لبیک کہہ دے۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ اس موسمِ سرما کو ہمارے لیے خیر کا باعث بنائے، آمین۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ

اور گمان نہ کرو ان لوگوں پر جو قتل ہوئے اللہ تعالی کی راہ میں، عام مردوں کی طرح،
بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے ہاں انہیں رزق دیا جاتا ہے

سلسلہ یادِ شہداء

(04)

کمانڈر ابو یحییٰ کشمیری رحمہ اللہ،
ایک عظیم سپاہی

تحریر: جمشید انصاری

زندگی کے ہر مرحلے میں انسان کو ایسے فیصلے کرنے کا موقع ملتا ہے جو اس کی تقدیر بدل دیتے ہیں۔ بعض لوگ ان مواقع کو غفلت میں ضائع کر دیتے ہیں، جبکہ کچھ لوگ ان لمحوں میں اپنی تقدیر بدلنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ابو یحییٰ کشمیری کی زندگی کا قصہ ہمیں بتاتا ہے کہ اگر انسان اپنے مقصد کو صحیح طریقے سے سمجھ کر اس پر ثابت قدم رہے، تو وہ صرف اپنی زندگی میں ہی کامیاب نہیں ہوتا بلکہ وہ اپنی قوم، اپنے دین اور اپنے رب کے لیے ایک روشن مثال بن جاتا ہے۔ ابو یحییٰ کشمیری کا نام آج بھی تحریک کی محاذوں پر ایک عظیم مجاہد کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ ان کی زندگی ایک عظیم قربانی کی داستان ہے، جس میں عزم، ایمان، اور بہادری کی عکاسی کرتا ہر لمحہ موجود ہے۔ ان کی شہادت نہ صرف ان کی ذاتی قربانی تھی بلکہ یہ پوری امت مسلمہ کے لیے ایک پیغام تھا کہ دین اسلام کے لیے لڑنا، جان کی قربانی دینا اور حق کے لیے جاں فشانی کرنا ایک عظیم فریضہ ہے۔ یہ شہادت ایک سنگ میل کی طرح ہے جو ہمیں یاد دلاتی ہے کہ حقیقی کامیابی صرف اللہ کی رضا اور دین کی خدمت میں ہے، نہ کہ دنیا کی عارضی خوشیوں میں۔

زندگی کا آغاز: ایک عام شہری سے جہاد کے میدان تک کا سفر

ابویحییٰ کشمیری کا تعلق برطانیہ سے تھا، جہاں انہوں نے اپنی ابتدائی زندگی گزارنے کا آغاز کیا۔ وہ ایک عام شہری تھے، جو زندگی کی معمولات میں گم تھے۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات میں بھی کچھ وقت گزارا، لیکن اس دوران ان کا دل کسی اور راستے کی تلاش میں تھا۔ ان کے دل میں ایک خلش تھی، ایک جستجو تھی، جو انہیں دنیا کی عارضی لذتوں سے باہر نکل کر کچھ اور کرنے کی طرف راغب کر رہی تھی۔ وہ بھی ان لوگوں کی طرح دنیوی کامیابیوں کے پیچھے نہیں دوڑنا چاہتے تھے جو محض عیش و عشرت کے طلبگار ہوں، بلکہ ان کے اندر ایک ایسا جذبہ تھا جس کے تحت وہ اللہ کی رضا کے لیے اپنی زندگی گزارنا چاہتے تھے۔

یہی وہ لمحہ تھا جب انہوں نے اپنی زندگی کا رخ بدلنے کا فیصلہ کیا۔ ابویحییٰ کشمیری نے ہجرت کرنے کا فیصلہ کیا، اور اپنے آپ کو ایک عظیم مقصد کے لیے وقف کر دیا۔ اس کا مطلب صرف جغرافیائی ہجرت نہیں تھا بلکہ یہ ایک روحانی سفر بھی تھا، ایک ایسا سفر جو انہیں اللہ کے راستے پر لے جا رہا تھا۔ اس سفر کے دوران انہوں نے اپنی زندگی کو جہاد اور دین کی خدمت کے لیے وقف کر دیا۔

ہجرت: ایمان کی طرف ایک قدم

ابویحییٰ کشمیری کی ہجرت اس بات کا غماز تھی کہ جب انسان اپنے مقصد کو پہچانتا ہے اور اسے پانے کے لیے ہر حالت میں تیار ہوتا ہے، تو وہ اس کی زندگی کو تبدیل کر دیتا ہے۔ افغانستان اور پاکستان کے جہادی محاذوں پر ان کی آمد ایک نئے عزم اور ایمان کا عکاس تھی۔ یہاں پر ابویحییٰ کشمیری نے نہ صرف اپنے دشمنوں کا مقابلہ کیا بلکہ اپنے ساتھیوں کو بھی ایک نئی روشنی دکھائی۔ ان کی موجودگی میں ایک حوصلہ تھا، ایک عزم تھا جو اپنے ساتھیوں کو میدان جنگ میں ڈٹے رہنے کی ہمت دیتا تھا۔ یہ وہ وقت تھا جب ابویحییٰ کشمیری نے خود کو ایک نئے اور اہم مقصد کے لیے وقف کر لیا تھا۔ اب وہ صرف ایک جنگجو نہیں تھا، بلکہ ایک مجاہد تھا جو اپنے دین، اپنی قوم اور اللہ کی رضا کے لیے لڑ رہا تھا۔ ان کے دل میں ایک جذبہ تھا، ایک جنون تھا کہ وہ دنیا کی عارضی خوشیوں سے آگے بڑھ کر ایک بلند مقصد کے لیے زندگی گزاریں۔

اسنائپر میں مہارت:

ابویحییٰ کشمیری کی سب سے بڑی مہارت ان کی سنائپر کی مہارت تھی۔ میدان جنگ میں ان کا شمار ان سپاہیوں میں ہوتا تھا جنہوں نے دشمن کو بغیر کسی تشویش کے ایک ایک کر کے موت کے گھاٹ اتارا۔ ان کی گولیاں دشمن کے دلوں میں خوف کی لہر دوڑاتی تھیں۔ ان کی ہر گولی ایک پیغام تھی، ایک انتباہ تھی کہ اگر دشمن دین اسلام کے خلاف لڑنے کی کوشش کرے گا تو اسے شکست ہوگی۔ ابویحییٰ کشمیری کی سنائپر کی مہارت نہ صرف ان کی ذاتی طاقت کا مظہر تھی بلکہ یہ ان کے ساتھیوں کے لیے بھی ایک حوصلہ افزائی کا باعث تھی۔ جب میدان جنگ میں دشمن کے فوجی ان کے نشانے کی زد میں آ جاتے تھے، تو یہ نہ صرف دشمن کے لیے ایک خوفناک بات تھی بلکہ ان کے ساتھیوں کے لیے بھی ایک امید کی کرن تھی۔ ابویحییٰ کی کامیاب کارروائیاں ایک حوصلہ افزائی کا ذریعہ بن گئی تھیں اور ان کی موجودگی سے تمام جہادی محاذوں پر ایک نیا جوش پیدا ہوا تھا۔ ان کی یہ مہارت ثابت کرتی ہے کہ میدان جنگ میں قوت اور اسلحہ کی اہمیت نہیں ہوتی، بلکہ حکمت، عزم، اور ایمان کی طاقت سب سے اہم ہوتی ہے۔ جب انسان اپنی قوت اور صلاحیتوں کو صحیح طریقے سے استعمال کرتا ہے، تو اس کے اثرات دور دور تک پہنچتے ہیں۔

تقویٰ اور عاجزی، ایک مجاہد کی حقیقی پہچان:

ابویحییٰ کشمیری نہ صرف جنگ کے میدان میں ایک عظیم سپاہی تھے، بلکہ ان کی شخصیت میں تقویٰ، عاجزی اور سادگی کا عنصر بھی نمایاں تھا۔ وہ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص تھے جنہوں نے علم اور حکمت کو اپنے دین کے ساتھ جوڑا تھا۔ ان کا علم اور فہم اسلام پر ان کی گہری نظر تھی، اور وہ ہمیشہ اپنے عمل میں اللہ کی رضا کو ترجیح دیتے تھے۔ ان کی زندگی کا مقصد دنیاوی شان و شوکت یا دولت کا حصول نہیں تھا، بلکہ وہ اپنے رب کی رضا کے لیے ہر لمحہ کو گزارنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان کے اندر ایک سادہ اور متواضع شخصیت تھی، جو ہمیشہ

اپنے ساتھیوں کو دعاؤں، تقویٰ اور اطاعت کی اہمیت کی طرف راغب کرتی تھی۔ ان کی عاجزی یہ ثابت کرتی تھی کہ میدان جنگ میں بہادری اور عزت کا اصل معیار دل کی صفائی اور اللہ کے ساتھ تعلق ہے۔ ان کا طرز زندگی ایک روشن مثال ہے کہ کس طرح علم، تقویٰ اور عاجزی کا امتزاج انسان کو اعلیٰ مقام تک پہنچا سکتا ہے۔

شہادت، قربانی کا اعلیٰ ترین دروازہ :

ابو یحییٰ کشمیری کی شہادت ایک ایسا واقعہ تھا جس کا اثر نہ صرف ان کے ساتھیوں پر، بلکہ پورے جہادی قافلے پر پڑا۔ ان کی زندگی کا مقصد صرف جنگ نہیں تھا، بلکہ وہ دین اسلام کے لیے اپنا ہر اثاثہ قربان کرنے کے لیے تیار تھے۔ ابو یحییٰ کشمیری کی شہادت ایک عظیم قربانی تھی، جس نے یہ ثابت کر دیا کہ اگر انسان کا ایمان مضبوط ہو، تو وہ اپنے تمام خوفوں کو شکست دے کر اللہ کی رضا کے لیے اپنی جان بھی قربان کرنے کے لیے تیار ہوتا ہے۔ ان کی شہادت ایک سنگ میل کی طرح ہے جو ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر ہم اپنے دین کے لیے لڑنا چاہتے ہیں، تو ہمیں ہر قربانی دینے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ ابو یحییٰ کشمیری نے اپنی زندگی کو ایک عظیم مقصد کے لیے وقف کیا اور جب وقت آیا تو اپنی جان کی قربانی بھی دی۔ ان کی گولیاں کئی فوجی اہلکاروں اور اسلام دشمن عناصر کو موت کے گھاٹ اتار کر ایک پیغام دے رہی تھیں کہ جب تک ہم اللہ کے راستے پر چلنے کے لیے تیار ہیں، دشمن ہمیں شکست نہیں دے سکتا۔

ابو یحییٰ کشمیری کی شہادت یکم دسمبر ۲۰۲۴ء کو جنوبی پنجاب کی ضلع میانوالی میں ہوئی۔ ان کی شہادت کے اس مقام نے ان کی قربانی کو مزید نمایاں کیا اور ایک عظیم مجاہد کی قربانی کے طور پر ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ وہ ایک ایسے راستے پر چل رہے تھے جس کا مقصد صرف اور صرف اللہ کی رضا تھا، اور یہی وہ راستہ تھا جس پر چلتے ہوئے انہوں نے اپنی جان قربان کر دی۔ ان کی شہادت نہ صرف ایک فرد کی قربانی تھی بلکہ یہ ایک پوری امت کے لیے ایک پیغام تھا کہ حق کے لیے لڑنا اور جان دینا ایک عظیم عمل ہے۔

نوجوانوں کے لیے پیغام، غفلت سے بیداری :

ابو یحییٰ کشمیری کی زندگی اور شہادت نوجوانوں کے لیے ایک بیداری کا پیغام ہے۔ نوجوانو، تمہاری زندگی کا مقصد کیا ہے؟

کیا تم دنیا کی عارضی خوشیوں کے پیچھے دوڑتے ہو؟

یا تمہارا کوئی بلند مقصد ہے؟

اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری زندگی کا کوئی مقصد ہو، تو وہ مقصد اللہ کی رضا اور دین کی خدمت ہونا چاہیے۔ ابو یحییٰ کشمیری کی زندگی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر ہم اپنے مقصد کے لیے عزم و یقین کے ساتھ قدم بڑھائیں، تو ہم دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ ابو یحییٰ کشمیری کی زندگی اور شہادت ایک رہنمائی کا چراغ ہے جو ہمیں بتاتی ہے کہ اگر ہم اپنے دین کے لیے قربانی دینے کے لیے تیار ہوں، تو ہم دنیا کی ہر مشکل کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ ان کی قربانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر ہم اللہ کے راستے پر چلنے کے لیے تیار ہوں، تو اللہ ہمیں کامیاب کرے گا۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگی کا مقصد پہچانیں اور اس کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیں۔

اللہ ہمیں ابو یحییٰ کشمیری کی طرح اپنی زندگی کا مقصد سمجھنے اور اس کے لیے اپنی جان کی قربانی دینے کی ہمت دے۔ آمین۔

ٹی ٹی پی کے موقف کی جانب گامزن،
مولانا فضل الرحمان سے عمران خان تک

انجینئر سعد فرقان

پچھلے دنوں مولانا فضل الرحمان نے حامد میر کو ایک انٹرویو دیا جس میں انہوں نے مختلف موضوعات پر اپنا موقف پیش کیا، جس سے بندہ نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ جمہوریت کے ذریعے بھی اسلامی، قانون سازی نہیں کی جارہی۔ پارلیمنٹ سیاست دانوں بلکہ وزیراعظم تک کو خفیہ طاقتوں نے کنٹرول میں رکھا ہوا ہے، جبکہ اسمبلیوں میں اپنی مرضی کے لوگوں کو بٹھایا جاتا ہے۔ افغانستان کے بارے میں بات کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ہمارے پالیسی سازوں نے کسی ایسی پالیسی پر کام ہی نہیں کیا کہ جس سے پاک افغان تعلقات بہتر ہوسکیں۔

مولانا فضل الرحمان کی یہ باتیں نئی نہیں ہیں۔ ساری دنیا جانتی ہے کہ پاکستانی سیاست دانوں کو کٹھ پتلیوں کی طرح چلایا جاتا ہے۔ ملک کے وسائل اور حکمرانی پر قابض عسکری ٹولے کو صرف اپنے وفادار لوگ ہی حکمرانی کے قابل نظر آتے ہیں۔ پھر اگر وہ عمران خان کے عثمان بزدار کی شکل میں ہی کیوں نہ ہوں۔ لیکن جب عمران خان نے جرنیلوں پر اعلانیہ تنقید شروع کی تو اس کا جو حشر ہورہا ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ آج پاکستان کی سیاسی صورتحال عجیب و غریب شکل میں ہمارے سامنے ہے۔ مولانا فضل الرحمن اور عمران خان جیسے شدید ترین مخالف بھی ایک نکتے پر جمع ہوگئے ہیں کہ فوجی جرنیل ہی اصل فساد کی جڑ ہیں۔

یاد رہے عمران خان اپنے جلسوں میں یہ کہتے رہے ہیں کہ (حکومت تو باجوہ چلارہا تھا)

دونوں جماعتوں کو فوج کی مخالفت کی وجہ سے انتخابات سے باہر رکھا گیا۔ نہ جانے کب یہ بات ان دونوں سیاست دانوں اور دونوں جماعتوں کے کارکنان کو سمجھ آئے گی کہ احتجاج جلسوں اور دھرنوں سے کچھ نہیں ہوگا۔ چاہے آپ اسلامی نظام کا نعرہ لگائیں یا حقیقی آزادی کی بات کریں، بات طاقت کی ہے۔ جرنیل طاقت کے بل بوتے پر حکمرانی پر قابض ہیں۔ اس کا مقابلہ طاقت کے علاوہ کسی اور صورت میں ممکن ہی نہیں ہے۔ پچھلے دنوں تحریک انصاف والوں نے اپنے لیڈر کی رہائی کی غرض سے اسلام آباد کی طرف مارچ کیا، پھر اس مارچ پر جو مظالم کیے گئے ساری دنیا نے دیکھے۔ سیدھی گولیاں چلائی گئیں، درجنوں لوگوں کو قتل کیا گیا، سینکڑوں زخمی ہوئے، پھر حکومت نے حقائق چھپانے کے لیے سوشل میڈیا بند کردیا۔ یہاں تک کہ ایک صحافی مطیع اللہ کو اس (جرم) میں گرفتار کیا گیا وہ زخمیوں اور قتل ہونے والے سیاسی کارکنان کے بارے میں معلومات جمع کررہا تھا، اور آگے سننے والی بات یہ ہے کہ اس پر مقدمہ منشیات رکھنے کا بنایا گیا۔

ساری دنیا پاکستان میں ہونے پر ان سیاسی تماشوں پر حیران ہورہی ہوگی لیکن ہم نے ابھی تک کوئی حکمت عملی نہیں بنائی کہ ہم نے کرنا کیا ہے، کس طرح اور کب کرنا ہے؟۔ یہ بات سب کو ذہن نشین کرلینی چاہیے کہ فوجی حمایت کے بغیر کوئی بھی الیکشن جیتنا تو دور الیکشن لڑنے کی بھی اہلیت نہیں رکھتا۔ فوج ہی پاکستان کا آئین ہے

فوج ہی پاکستان کا قانون ہے،

فوج ہی اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے

فوج ہی عدلیہ ہے۔

آج تحریک انصاف والوں کے ساتھ بھی ٹی ٹی پی جیسا سلوک کیا جارہا ہے۔ حالانکہ انہوں نے تو مسلح بغاوت بھی نہیں کی بلکہ صرف فوج کی سیاسی مخالفت کی ہے، لیکن چونکہ انہوں نے فوج کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے تو انہیں اس (جرم عظیم) کہ سزا دی جاری ہے۔

کوئی مانے یا نہ مانے لیکن آج ٹی ٹی پی کے اس موقف پر سب ہی متفق نظر آتے ہیں کہ ملک پر فوج کا قبضہ ہے۔ ہمیں امید ہے کہ مولانا فضل الرحمان اور عمران خان بھی جلد اس موقف پر ٹی ٹی پی کے ساتھ کھڑے ہونگے کہ فوج کو طاقت سے ہٹائے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا۔ آج نہیں تو کل... سب کو یہ ماننا ہی پڑے گا کہ ٹی ٹی پی کی حکمت عملی ہی ٹھیک تھی اور اسی راستے سے ہی ملک میں اسلامی نظام اور معاشی سیاسی استحکام آسکتا ہے۔

نظام کی فرسودگی بیان کرتے روزمرہ کے واقعات

مفتی ابودجانہ

ہم پاکستان اور پاکستان کے باطل نظام پر اکثر بحث ومباحثے اور مناظرے سنتے اور دیکھتے ہیں، جید علمائے کرام نے بھی اس پر سیر حاصل گفتگو کی اس پر کتابیں بھی لکھی ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود سیاسی کارکنان خاص طور پر مذہبی سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے افراد اس باطل نظام کی صفائیاں پیش کرتے نہیں تھکتے، حالانکہ اس کے طاغوتی اور باطل ہونے کی بحث کو تھوڑی دیر کے لیے ایک طرف رکھ دیا جائے اور روزِ پیش آنے والے واقعات پر نظر ڈالی جائے تو بھی اس کے فرسودہ اور تباہ کن اسلام دشمن بلکہ انسانیت دشمن ہونا روز روشن کی طرح عیاں ہوتا ہے ۔

چند روز قبل پیش آنے والا واقعہ لاہور کے ایک صحافی کی زبانی پیش خدمت ہے :

وہ کام والی تھی ، پنجاب کے دور دراز گاوں سے اپنے شوہر اور دو بچوں کے ہمراہ لاہور میں ایک کنال کی کوٹھی میں کام کرتی تھی ۔ صاف ستھرا کشادہ گھر میں اچھی زندگی کی ہر سہولت اسے میسر تھی ۔ شام کو روزانہ اپنے بچوں کو لے کر پارک بھی چلی جاتی ،وہاں اس کی ایک اور خاتون سہیلی بن گئی اس کے ساتھ گپ شپ میں خوب خوش رہتی ۔

سب کچھ ہنسی خوشی اچھا ہی چل رہا تھا کہ اچانک ایک دن غائب ہوگئی ۔

اس کے پریشان حال خاوند نے تھانے میں مقدمہ درج کروادیا کہ بیوی لاپتہ ہے یقین ہے کوئی اسے بری نیت سے اغوا کرکے لے گیا ہے ۔

مختصرا یہ کہ موبائل کالز کی ٹریکنگ سے پولیس نے وقتا فوقتا تین چار لوگوں کو حراست میں لیا مگر کچھ پتہ نہیں چلا کہ کرچھوڑتی رہی

پھر ایک دن لوکیشن ٹریس کرکے (لیاقت پور) چھاپہ مارنے کا کہا مدعی سے پچاس ہزار لئے پٹرول اور خرچے کی مد میں ۔ سینکڑوں کلومیٹر دور پہنچے اور کہا کہ... "نہیں ملی" ۔ ۔ ۔ اور پھر واپس ۔

یہ سب کاروائیاں تفتیشی افسر کی تھی ۔

اب چھ ماہ بعد گھر کی مالکن کو خاتون کی کال موصول ہوئی کہ باجی میں ساہیوال میں ایک پولیس والے کے گھر میں ہوں ۔ میرے ساتھ بڑا ظلم اور زیادتی ہوئی ہے لوگوں نے مجھے بیچ کے یہاں رکھا ہے اب یہ لوگ بھی سنا ہے آگے بیچنے جارہے ہیں ۔ اللہ رسول کا واسطہ مجھے بچا لو ۔ مالکن نے فون پر گاوں کا نام پوچھا اور فون بند ہوگیا ۔

یہ میرے عزیزوں کا گھر تھا ۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ تم میڈیا میں ہو اپنے تعلقات استعمال کرو ، پولیس والوں سے واقفیت نکال کر خاتون برآمد کرواؤ۔

میں نے اپنے ایک دوست کرائم رپورٹر سے کہا اس نے فورا ڈی پی او آفس ساہیوال رابطہ کرکے پولیس کو ریڈ کیلئے تیار کیا ، میں نے خاتون کے شوہر اور ایک بندے کو لاہور سے روانہ کیا ۔ وہ سب ساہیوال کے ایک گاوں میں اس نام کے پولیس افسر کو تلاش کرتے رہے اور کچھ گھروں میں چھاپے مارے ۔

اسی دوران شام کو مالکن کو ایک آدمی کی کال موصول ہوئی اس نے کام والی مغویہ کی تصویر بھیجتے ہوئے کہا کہ یہ عورت مجھے میاں چنوں اڈے پر پریشان ملی چٹ پر آپ کا فون نمبر مجھے پکڑا کر کہا ہے کہ اس نمبر پر فون کرکے بتادیں مجھے فلاں گھر میں رکھا ہوا ہے آپ جلدی کچھ کریں ۔

میں نے بھی اس بندے کو فون کیا اور تفصیل پوچھی مگر وہ زیادہ معلومات دینے سے قاصر تھا ۔ اور خود بھی کچھ نہیں کرنا چاہتا تھا کہ معاملہ مشکوک ہے ۔

میں نے ساہیوال میں مصروف بندوں کو فورا چیچہ وطنی پہنچنے کا کہا ۔ جماعت اسلامی پنجاب کے سیکرٹری نصراللہ گورایہ اور صہیب عمار سے تعاون کی درخواست کی انہوں نے میاں چنوں کو ایک فرد سے رابطہ کروادیا اس اللہ کے جی دار بندے نے فورا دو چار لوگوں کو لیا

اور خاتون کے شوہر کے پہنچنے پر تھانے جا کر پولیس کو مطلوبہ جگہ ریڈ کرنے کا کہا ۔ مقامی میڈیا نمائندے پہنچ چکے تھے پولیس کو چارو نا چار ٹیم بھیجنی پڑی ۔

یہ وہاں کی بدنام نائیکہ کا گھر تھا جو دھندے کے حوالے سے مقامی سطح پر جانی جاتی تھی ۔ مگر پولیس پہنچنے سے قبل مخبری ہوگئی کوٹھے کو تالہ لگ گیا تھا ۔ مگر مقامی دوستوں نے پولیس کی جان نہ چھوڑی اور رات ایک بجے اس نائیکہ کو قریبی ایک گھر میں تلاش کرلیا پولیس نے نائیکہ سے پوچھا تو اس نے اقرار کیا کہ کام والی ساہیوال کی ایک نائیکہ کے پاس ہے ابھی نکل گئی ہیں اس کا خاوند پولیس میں ہے ۔ وہ دونوں یہاں دھندے کیلئے ویک اینڈ پر میرے پاس آتی ہیں ۔ پولیس نے کہا کہ ہماری فون پر بات کرواو یا اسے یہاں بلاو مگر وہ آنے سے انکاری رہی ۔ ہاں اس نے بھی مانا کہ کام والی اسی کے پاس ہے مگر میں اسے پیش نہیں کروں گی ۔ اگلی صبح ایس ایچ کو پیش کروں گی ، اب اگلی صبح کا انتظار ہوا تو مقررہ وقت پر نائیکہ یا مغویہ کے بجائے کارندے آئے اور اشٹام پیپرز جمع کروا گئے جس کے مطابق مغویہ اپنی مرضی سے ان کے پاس ہے ۔

مقامی ایس ایچ او نے کہا کہ نائیکہ بینش ، کام والی کو لے کر لاہور آرہی ہے صبح عدالت میں اشٹام پیش کرے گی ۔ یہی رپورٹ اس نے ڈی سی او کو بھی دے دی ۔

مدعی سب لاہور آ گئے ۔

نائیکہ کو لاہور آنا تھا نہ آئی ۔

میں نے لاہور میں تفتیشی سے بات کی کہ ساہیوال گاوں میں پولیس والے کا ایڈریس فون نمبر سب موجود ہے اس کا اعتراف بھی موجود ہے لڑکی ان کے پاس ہے تو تم کاروائی کرکے خاتون برآمد کرو ۔ تفتیشی نے اپنے پیٹی بھائی کو فون کیا کہ لاہور والے مجھ پر دباو ڈال رہے تم اپنے بیان اور کاغذ مکمل کروا اپنی بھی جان چھڑاو میری بھی جان چھڑاو ۔

یہ ہے سارے معاملے میں تفتیشی کا کردار ۔ ۔ گمان غالب ہے کہ پورے چھ ماہ وہ اغوا کاروں کی سہولت کاری ہی کرتا رہا ۔ ورنہ معاملہ تو اغوا کے پہلے ہفتے ہی نمٹ جاتا ۔

اس دوران ایک بات اپنے گھر والوں کو سمجھائی جب انہوں نے پوچھا کہ تم اتنا کیوں تین دن سے اس کام میں ہلکان ہوئے جا رہے ہو اپنے دفتر بھی نہیں جا پا رہے ۔ میں کہا کہ کوئی کافر ہو یا مسلمان ، چھٹی مومن ہو یا دھندہ کرتی ہو ۔ اب اگر وہ حالت ظلم میں ہے اور مظلوم بن کر آپ کو مدد کیلئے پکارے تو اس کی مدد کرنا ضروری ہوجاتا ہے ۔

پورا قصہ بیان کرنے کا مقصد ایک دکھ بیان کرنا ہے :

تحریر کا مقصد پولیس مائنڈ سیٹ ہے ۔ میں گزشتہ تین دن سے اپنے دوست پروفیسر ڈاکٹر عاطف بٹ کے ساتھ اور ان کے ہی توسط سے مسلسل پولیس افسران سے رابطے کر رہا ہوں ۔

اس دوران میں تفتیشی سے لے ڈی آئی جی ۔ ۔ پنجاب سمیت متعدد افسران سے بات کر چکا اور مل چکا ۔ ایک رویہ اور مائنڈ سیٹ دیکھ کر انتہائی مایوسی ہوئی ۔

وہ یہ کہ ہمیں واقفیت اور تعلق کی بنیاد پر اگرچہ اچھا رسپونس تو افسران دیتے ہیں اور خاتون کی بازیابی کا بھی کہہ دیتے ہیں ۔

مگر یہ واضح ہونے کے باوجود کہ عورت کی خرید و فروخت میں پولیس اہلکار ملوث ہے ، ان کے علاقے میں فلاں نائیکہ ہے فلاں جگہ دھندہ چل رہا ہے ۔ ۔ یہ سب جاننے کے باوجود ان افسران کے سر پر جوں تک نہیں رینگی ۔ کسی نے بھی مجھ سے بات کرتے ہوئے اس پر حیرت یا دلچسپی ظاہر نہیں کی کہ ہم پولیس کی اس کالی بھیڑ کو از خود پکڑیں اس کے خلاف کاروائی کریں جو نائیکہ ملی ہے اسے ہی حراست میں لے لیں اس کے اڈے بند کروائیں ۔ ۔ ۔ نہیں ۔ ایسا بالکل نہیں ہوا ایسا کوئی تاثر نہیں ملا کہ پولیس یہ بند کروانے میں دلچسپی رکھتی ہے ۔

یعنی ہمیں اپنی کام والی کو بازیاب کروانا ہے وہ مل جائے گی باقی سب سسٹم اسی طرح برقرار رہے گا دھندے چلتے رہے گے اڈے آباد رہیں گے ۔ کالی بھیڑیں آزاد رہیں گی ۔

اب ایک افسر نے ہی مشورہ دیا کہ آپ جس بے جا کی درخواست ہائیکورٹ جمع کروادیں عدالت جلدی بازیابی کروادے گی ۔

تو اب پولیس کا نظام دیکھنے کے بعد عدالتی نظام دیکھنے کی ہمت مجتمع کرنے کی کوشش میں ہوں ۔ شاید ایک عورت بازیاب ہونے سے

بہت سی عورتوں کی خرید و فروخت کے مکروہ دھندے پر بھی ڈنٹ ڈل سکے ۔

ہمارے ارد گرد پیش آنے والے واقعات میں سے یہ صرف ایک مثال ہے اور ہر شخص جانتا ہے کہ یہ نظام صرف باطل و طاغوتی ہی نہیں بلکہ اتنا فرسودہ اور بدبودار ہے ۔
اس سے زیادہ حیرت کی بات یہ ہے کہ ہم سب عافیہ کے نام پر تو سیاست کرنے کو تیار ہوتے ہیں، لیکن یہ نہیں سوچتے کہ یہ نظام ہر روز کتنی عافیاوں کی عزت کی نیلامی اور بے آبروئی کا سبب بن رہا ہے ۔

اس فرسودہ نظام سے جان چھڑانا مسلح بغاوت کرنا ہم سب کا اسلامی و ملی فریضہ ہے



ریاستی دہشت گردی اور نام نہاد انسانی حقوق

نویدالحسن یوسفزئی

پاکستان میں جب قابض رائل انڈین آرمی کا ظلم وجبر عروج پر پہنچا تو طالبان کے نام پر کچھ ابطال امت نے ان کا راستہ روکنے کیلئے مسلح جدوجہد کا آغاز کیا، کیونکہ بندوق کا مقابلہ بندوق سے ہی ممکن ہے، یہ نہ توکسی عدالتی کارروائی سے ممکن ہے اور نہ ہی جلسے جلوسوں اور احتجاجوں سے

جب ملک بھر میں چن چن کر مجاہدین کو گرفتار کیا جاتا تھا، لاپتہ کردیا جاتا تھا، ماردیا جاتا تھا، غیر مسلموں کے حوالے کیا جاتا تھا اور سب سے بڑھ کر لال مسجد کے آپریشن میں عبدالرشید غازی رحمہ اللہ سمیت سینکڑوں عورتوں کو زندہ جلایا گیا، کمسن بچوں کو قطار میں کھڑا کرکے گولیوں کی بوچھاڑ کی گئی، ہر وہ کام کیا گیا جس سے انسانیت شرما جاتی ہے اور جس کا یہاں لکھنا شروع ہو تو پوری کتاب بن جائے غرض یہ کہ ان دنوں ہمیں یہ معلوم نہیں تھا کہ انسانی حقوق کے نام پر کوئی بین الاقوامی تنظیم یا ادارہ بھی ہے لیکن جب طالبان کے ہاتھوں ایک عورت کو کوڑے دینے کی ویڈیو بنوا کے وائرل کی گئی تو ہیومن رائٹس (انسانی حقوق) سمیت دنیا بھر کے مسلم اور غیر مسلم لبرلز کی چیخیں نکلنا شروع ہوگئیں اور اس ویڈیو کو بنیاد بنا کر طالبان اور اسلام مخالف سرگرمیاں زور پکڑ گئیں، یہ صرف اسلئے کہ اس کو اسلام کے ساتھ منسوب کیا گیا کہ عورت کے ساتھ ظلم کیا گیا، حقوق محفوظ نہیں ہیں، یہ ہے وہ ہے، یہاں تک کہ اس وقت کے وزیراعظم نے کہا کہ یہ وحشی قانون ہے اس کو برداشت نہیں کریں گے العیاذ باللہ

پاکستان میں خفیہ جیلوں کے اندر جو کچھ ہورہا ہے اور جو ہم بعض قیدیوں کے زبانی سنتے ہیں تو درمیان میں ہی بات کاٹ دیتے ہیں، کیونکہ مزید سننے کی ہمت اور طاقت نہیں رہتی، چونکہ یہ ظلم اور بربریت ریاست کی طرف سے ہوتی ہے، اس لئے ان کو باقاعدہ فنڈنگ ہوتی ہے وہ بھی انسانی حقوق کے نام پر کہ پیسے لے لو اور مزید بھی ان اسلام پسند لوگوں پر ظلم کیا کرو تعجب کی بات یہ ہے اور ایک لطیفہ بھی ہے کہ پاکستان انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کو مخاطب کرکے یہ پروپیگنڈا کرنے کی کوشش میں ہے کہ افغانستان میں غربت ہے، غربت کے سبب لوگوں کے مرنے کا خدشہ ہے، سردی کی وجہ سے مشکلات ہیں، حالانکہ افغانستان میں ابھی تک کوئی ایسا کیس سامنے نہیں آیا جس میں کسی کو ایک وقت کی روٹی نہ ملی ہو البتہ مشکلات و مسائل ضرور ہونگے مگر پاکستان میں تو غربت کی وجہ سے خودسوزی، بچوں کو مارنا، خودکشی کرنا، بچے بیچنا اور گردے و دیگر اعضاء بیچنا معمول کی بات بن چکی ہے اور ہزاروں اسطرح کے کیسز رجسٹرڈ ہیں، پھر بھی پاکستان یہ پروپیگنڈا کرتا ہے صرف اسلئے کہ افغانستان میں حکومت طالبان کی ہے اور اس کو بطور ریاست تسلیم نہیں کیا گیا جب بطور ریاست افغانستان میں امریکہ کی کٹھ پتلی حکومت تھی تو غربت بھی تھی، ظلم بھی ہورہا تھا، طالبان کو مار کر گاڑیوں کے ساتھ باندھ کر گھسیٹا جاتا تھا، جیلوں کے اندر کیا ہوتا تھا؟ وہ سب انسانی حقوق کے عین مطابق ہورہا تھا، لیکن جب طالبان کی حکومت آئی تو سب کو عورتوں کے حقوق کی سوجھی، سب کو غربت کا خیال آنے لگا اور ہر طرف سے پروپیگنڈا کرنے کی کوششیں شروع ہوئیں اور تاحال جاری ہیں

ابھی کچھ ہی دن پہلے شام کے صیدنایا جیل کے بارے میں سنا، ویڈیوز دیکھیں تو پیروں تلے سے زمین نکل گئی، لیکن مصیبت یہ ہے کہ یہ سب جیل کے اندر ہورہا تھا اس لئے انسانی حقوق والوں کو پتہ نہیں چلا اور حکومت بھی چونکہ اسلام دشمنوں کی تھی تو ضرورت ہی نہیں پڑی

جانچنے کی
جیل کی صورتحال کا تو سب کو مجھ سے زیادہ پتہ ہوگا کیونکہ مجھ میں ویڈیوز دیکھنے کی ہمت نہیں تھی، اس لئے میں نے ویڈیوز نہیں دیکھیں کتنے کتنے سالوں تک بے گناہ مسلمانوں کو رکھا گیا، عورتوں کو کس جرم میں کتنا عرصہ رکھا گیا، بعض کو تیزاب میں ڈالا گیا، پریس مشین میں انسانوں کی ہڈیاں پسلیاں ایک کردی گئیں اور ایسا کچھ کیا جس کو لکھنے کیلئے بھی پتھر کا دل ہونا ضروری ہے لیکن کیا؟؟؟ لیکن انسانی حقوق والے سب خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، کیونکہ یہ سب کچھ ریاست کی طرف سے اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہورہا تھا

یہ سب کچھ سعودی عرب سمیت عراق، فلسطین، لبنان، چیچنیا، بوسنیا اور شرقی ترکستان میں بھی ہورہا ہے اور ٹھیک ہی ہورہا ہے کیونکہ ریاست کی طرف سے ہے اب اگر کسی نے اپنے دفاع میں بھی کسی غیر مسلم سے جان چھڑانے کی خاطر اسے ماردیا تو وہ ظالم اور دہشت گرد قرار دیا جائے گا برما میں مسلمانوں کو زندہ جلایا گیا، بچوں کو بے دردی سے مارا گیا سب کی ویڈیوز سے سوشل میڈیا بھری پڑی تھی، کسی نے دو لفظ تک نہیں بولے کیونکہ ریاست کی طرف سے تھا سب کچھ۔۔

اپنے دفاع میں لڑنے والے اپنی ہی سرزمین سے قابض ٹولے کو نکال باہر کرنے کیلئے مسلح جدوجہد کرنے والوں کو تو بلیک لسٹ کیا جاتا ہے، ان پر ڈرون حملے کئے جاتے ہیں، لیکن ببانگ دھل انسانیت سوز مظالم ڈھانے والوں، عورتوں کی عزتیں پامال کرنے والوں اوران کو درجنوں سال قید میں رکھنے والوں، تیزاب میں ڈالنے اور پریس مشین میں پریس کرکے ایک طرف پھینکنے والوں کو پروٹوکول کے ساتھ شفٹ کرکے ریاستی طور پر پناہ دی جاتی ہے، پھر بھی ہم انسانی حقوق کا گانا گاتے نہیں تھکتے کہ انہوں نے یہ کیا وہ کیا وغیرہ

پاکستان میں موجود اپنے مسلمان بھائیوں سے برادرانہ اپیل کرتا ہوں کہ خدارا اس ریاستی دہشت گردی کا راستہ روکیں ان کے خلاف برسرپیکار طالبان آپ کے خیر خواہ اور محافظ ہیں، یہ فوج آپ کی نہیں بلکہ انہی عالمی قوتوں کے ایجنڈوں پر عمل پیرا ملک وقوم دشمن فوج ہے اپنے دوست اور دشمن میں فرق کیجئے اوراس قابض بدمعاش ٹولے کے خلاف تحریک طالبان پاکستان کا ساتھ دیجئے

مدارس رجسٹریشن مسئلہ،
مفتی عبد الرحیم صاحب سے چند سوالات

مولانا جہاد نعیم الہادی کی وال سے

آپ ایک بڑی شخصیت ہیں اور ایک مختصر حلقۂ اثر رکھتے ہیں۔ آپ کی تربیت اکابر کے سائے میں ہوئی ہے، یہی وجہ ہے کہ آپ کے بارے میں کچھ لکھنے سے پہلے کئی بار سوچنا پڑا، اور استخارہ بھی کیا۔ مگر موجودہ حالات میں چند سوالات اور معروضات پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ ان پر غور کیا جائے گا یا کم از کم مخالف سمت سے آنے والا پتھر سمجھ کر اسے بھی تعمیر میں لگایا جائے گا۔

پہلا سوال :

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ دینی اور دنیاوی تعلیم دونوں کا حصول ضروری ہے۔ یقیناً ہم نے اس میدان میں کمزوری اور سستی دکھائی ہے، اور جامعۃ الرشید کا اقدام اس حوالے سے قابلِ تحسین اور قابلِ داد ہے کہ انہوں نے اس ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کی۔ لیکن کیا اس مقصد کے لیے یہ ضروری تھا کہ ایک متفقہ تعلیمی بورڈ کو چھوڑ کر الگ بورڈ بنایا جائے؟

دوسرا سوال :

یہ بہت اچھی بات ہے کہ جامعۃ الرشید کے سربراہ فرماتے ہیں کہ ان کا ادارہ محض ایک تعلیمی ادارہ ہے۔ مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب بھی کوئی سیاسی موقع آتا ہے، تو آپ کا وزن ایک خاص فریق کے پلڑے میں کیوں ڈالا جاتا ہے؟ سابق وزیراعظم کے خلاف تحریک کے موقع پر بھی آپ کا جھکاؤ وزیراعظم کے حق میں رہا۔ حالیہ دنوں میں، جب حکومت کے خلاف ایک عوامی تحریک چل رہی ہے، تو اس وقت بھی آپ کا وزن ریاست کے پلڑے میں نظر آتا ہے۔

تیسرا سوال :

اگر آپ کو مدارس کو وزارتِ تعلیم کے ماتحت نہ کرنے پر اعتراض ہے، تو یہ خیال آپ کو موجودہ حالات سے قبل کیوں نہیں آیا۔

چوتھا سوال :

آپ خود بھی وفاق کے ماتحت رہے ہیں اور آپ نے ماضی میں دیکھا ہے کہ مدارس کے ساتھ حکومت کا رویہ کیسا ہوتا ہے۔ آخر حکومت آپ کے ساتھ اتنی محبت اور نرمی کیوں برت رہی ہے؟ آپ کو وہ سہولیات کیوں دی جا رہی ہیں، جو دیگر مدارس کو میسر نہیں؟ آپ نے فرمایا کہ (ہم نے کروڑوں روپے تقسیم کیے)، تو کیا آپ نے غور کیا کہ آپ میں اور آپ کے اکابر کے بنائے گئے بورڈ میں کیا فرق ہے کہ ریاست آپ پر مہربان ہے اور ان پر غصہ کرتی ہے؟

پانچواں سوال :

جب آپ وفاق میں تھے، اس وقت کیا آپ کے بیانات اسی طرح ٹی وی چینلز پر نشر ہوتے تھے؟ اس وقت میڈیا نے آپ کو اتنی کوریج دی تھی؟ آج میڈیا آپ پر اتنا مہربان کیوں ہے؟ کیوں اکثر ٹی وی چینلز آپ کے بیانات نشر کر رہے ہوتے ہیں، جبکہ دیگر علماء کو ایسی کوریج نہیں ملتی؟


چھٹا سوال :

کیا ہمارے اکابر اور اسلاف کی یہ روایت رہی ہے کہ حکومت اور اہلِ حکومت کی سرپرستی میں، یا اہلِ دربار سے تعلق رکھ کر دینی ادارے چلائے جائیں؟ کیا تاریخ میں ایسے ادارے کبھی کامیاب ہوئے ہیں؟ کیا آپ نے بہاولپور کی اسلامی یونیورسٹی کی تاریخ پڑھی ہے؟

ساتواں سوال :

کیا آپ کو یہ نوشتہ دیوار نظر نہیں آتا کہ جیسے ہی آپ اس دنیا سے رخصت ہوں گے اور آپ کے ادارے میں وہ اساتذہ، جو وفاق کے ماتحت تربیت یافتہ ہیں، ختم ہو جائیں گے، تو ایک نئی نسل تیار ہوگی جس کی ذہنیت بالکل مختلف ہوگی؟ آپ (تعلیم، تعلیم) کہہ کر ان اداروں کو صرف علمی دائرے تک محدود کر رہے ہیں۔ یہ بات بظاہر اچھی معلوم ہوتی ہے، لیکن کیا آپ کو یہ خطرہ محسوس نہیں ہوتا کہ آپ کے بعد یہ ادارے اور آپ کے بنائے گئے بورڈ کے تحت چلنے والے مدارس، سرکاری مفادات کے تحفظ کے لیے فتوے جاری کریں گے؟ جبکہ تاریخ اس بات کی گواہی دے رہی ہے کہ ایسا ہی ہوگا۔ جب آپ نے یہ منشور دے رکھا ہے کہ ریاست ہر چیز پر مقدم ہے، تو پھر کیا باقی بچے گا؟ کیا آپ کے ادارے بھی حکومتی پالیسیوں کے پابند ہو کر اصل مقصد سے نہیں ہٹ جائیں گے؟

آخر میں دردمندانہ گزارش ہے کہ میں وفاق المدارس کو کمزوریوں سے پاک نہیں سمجھتا، ظاہر ہے اس کے منتظمین بھی انسان ہی ہیں مگر موجودہ حالات میں، جب مسلمانوں میں ہر طرف افتراق اور اختلافات بڑھ رہے ہیں، ہمیں اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ کیا ہم اپنے ذاتی نظریات اور وقتی خیالات کی قربانی دے کر امت کے اتفاق کے لیے کوئی کردار ادا کر سکتے ہیں؟ یہی وقت کا تقاضا ہے کہ ہم ان روایات کو اپنائیں جن میں اجتماعی مفاد کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ہماری قربانیاں وقتی ہو سکتی ہیں، مگر ان کے اثرات دائمی ہوں گے۔ یہی ہمارے اسلاف کا راستہ ہے، اور اسی میں امت کی کامیابی اور بقا ہے۔



آئین یا مداری تماشہ

عبداللہ مجاہد

حکومتی اور عسکری حلقے اکثر تحریک طالبان پاکستان سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ اگر وہ پاکستانی آئین کو مان لیں اور ہتھیار پھینک دیں تو ان سے بات ہوسکتی ہے۔ یہاں ایک سوال یہ اٹھتا ہے کہ یہ سیاست دان اور فوجی افسران کس آئین کی بات کرتے ہیں؟۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ یہ کس منہ سے ہتھیار پھینکنے کی بات کرتے ہیں جبکہ یہ خود عوام کے گھر اور چار دیواری کا احترام تک نہیں کرتے۔ اسلامی حقوق تو بعید یہ تو انسانی حقوق کی بھی دھجیاں اڑا رہے ہیں، جسے چاہتے ہیں اٹھالیتے ہیں، کئی کئی سال غائب رکھتے ہیں اور کئی دفعہ جعلی مقابلوں میں مار کر دہشت گرد قرار دے دیتے ہیں۔ بے چارے لواحقین کو یہ تک پتا نہیں ہوتا کہ ہمارے بچے زندہ بھی ہیں یا نہیں؟۔ دوسری طرف یہ عوام سے توقع رکھتے ہیں کہ ان کے آگے گردن جھکائے رکھیں اور بس قربانی کا بکرا بنی رہے۔ الحمدللہ، عوام میں شعور آرہا ہے اور تحریک کی مقبولیت میں بھی اضافہ ہورہا ہے، اسی طرح فوجیوں اور حکمرانوں کے خلاف نفرت بھی بڑھ رہی ہے۔

آئین کے نام پر عوام کو مزید دھوکہ نہیں دیا جاسکتا۔ عوام نے دیکھ لیا ہے کہ آئین کو انہوں نے مداری کا بندر بنا رکھا ہے اور آئین کے نام پر تماشہ کرنے میں پچھلے سارے رکارڈ توڑ ڈالے ہیں۔

ایک قانون سازی کی گئی بلکہ کٹھ پتلی سیاست دانوں سے کروائی گئی، کہ آرمی چیف کی مدت ملازمت پانچ سال کردی گئی، یہ نمونہ ہے یا عجوبہ لیکن ہے صرف پاکستان میں جہاں ہر آرمی چیف کو لگتا ہے کہ میں ہی پاکستان کی حفاظت کررہا ہوں اور میرے بغیر پاکستان کا وجود خطرے میں پڑجائے گا۔ وہ سیاست دانوں کو حکمرانی کا لالچ دے کر اپنی مدت بڑھواتا رہتا ہے حالانکہ دنیا بھر میں آرمی چیف لگتے ہیں، جنگوں کے دوران ہی ریٹائر ہوجاتے ہیں لیکن پاکستان کی پارلیمنٹ بھی دنیا کی منفرد پارلیمنٹ ہے جو اپنے مفاد کو دیکھتے ہوئے قانون بناتی رہتی ہے۔ سارے چور ایک دوسرے کے محافظ بنے ہوئے ہیں۔ پارلیمنٹ کے ذریعے فوجیوں کے ہر جائز و ناجائز عمل کو قانونی جواز فراہم کیا جاتا ہے اور پھر فوجی اپنی نگرانی میں الیکشن کروا کر اپنے بندوں کو اسمبلی میں لا بٹھاتے ہیں اور یوں پاکستان کو انہوں نے اپنی ذاتی جاگیر سمجھ رکھا ہے۔ جو فوجیوں کی ہاں میں ہاں ملائے وہ ٹھیک باقی سب غدار، دشمن یا پھر دہشت گرد۔

آج کل تحریک انصاف کے گرد گھیرا تنگ ہے اور عمران خان کو صرف فوج کی مخالفت کی سزا دی جارہی ہے۔ اس حوالے سے ایسی ایسی قانون سازیاں کی گئیں کہ دیکھ کر بے اختیار ہنسی آجاتی ہے۔ سپریم کورٹ کا ایک قاعدہ تھا کہ جو سینئر ترین جج ہوتا ہے وہی چیف جسٹس بنتا ہے لیکن حکمرانوں کو جسٹس منصور علی شاہ کے بعض فیصلوں سے محسوس ہوا کہ یہ چیف جسٹس بنا تو فوجیوں اور حکومت کے دباؤ میں شاید نہ آئے تو انہوں نے بھاگ دوڑ کرکے مختلف جماعتوں کے منت ترلے کرکے ایسا قانون بنادیا کہ چیف جسٹس حکومت کی مرضی کا ہوگا یا حکومت اسے چیف جسٹس بنائے گی جو حکومت کا منظور نظر ہوگا اس کے لیے یقینی طور پر حکومت اپنا حمایتی لائے گی اور سیاست دانوں کے ذریعے فوج کا عدلیہ پر بھی کنٹرول ممکن ہوجائے گا۔ یہ آئینی ترامیم کیا مداری کے تماشے جیسی نہیں ہیں کہ ڈگڈگی بجاؤ اور جو من میں آئے قانون بناتے جاؤ۔

آئے روز ٹی ٹی پی سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ آئین کو مان لو آئین کو مان لو۔ کونسا آئین؟ جسے مفاد پرستوں نے گھر کی لونڈی بنایا ہوا ہے۔؟ کونسا آئین؟ جسے صرف اپنی حکمرانی اور ناجائز کاموں کے قانونی جواز فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

کونسا آئین؟ جس کو بنانے والے خود اس کی دھجیاں اڑا رہے ہیں اور ہم سے توقع رکھتے ہیں کہ ہم اس آئین کے ذریعے غلام بنیں اور ان کے ہر ناجائز کام پر چپ سادھے رکھیں؟ ایسا نہیں ہوگا۔

تحریک طالبان پاکستان اسی طرح پاکستان میں مستحکم اسلامی نظام قائم کرے گی جیسا امارت اسلامیہ افغانستان نے قائم کیا۔ ہم اسی راستے سے آئیں گے اور عوام میں بھی ویسے ہی مقبول ہوں گے جیسے افغان طالبان مقبول ہوئے ہیں اور پاکستانی عوام بھی حکمرانوں سے ایسے ہی تنگ ہے جیسے افغان اور شام کی عوام وہاں کی سابقہ حکومتوں سے تنگ تھی۔ وہاں تبدیلی آئی ہے تو یہاں بھی تبدیلی ضرور آئے گی ان شاءاللہ

فقیر سیف اللہ

"آج" کی قدر کریں

اللہ تعالیٰ ہمیں "کل" کی فکر کرنے کی بجائے اپنے "آج" کو سنوارنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آج کل لوگوں کی اکثریت "کل" یعنی مستقبل کو سنوارنے کی فکر میں رہتی ہے۔ جبکہ "کل" کا کوئی پتا ہی نہیں۔

یہ بھی معلوم نہیں کہ میں ہوں گا یا نہیں؟
ہوں گا تو کس حال میں؟
صحت و عافیت کے ساتھ یا بیماری اور فتنوں کے گھیرے میں؟

کچھ بھی معلوم نہیں مگر وہ اپنے "کل" کو سنوارنے کے لیے اپنے "آج" کو برباد تک کر دیتا ہے۔ جبکہ ہمارا "آج" یعنی حال جو ہمارے پاس ہے، ہمیں اس کی کوئی فکر ہی نہیں۔ جتنا ہم کل کو سنوارنے کے لیے سوچتے ہیں، محنت کرتے ہیں، فکر کرتے ہیں، اگر وہی فکر، محنت اور سوچ آج کے لیے کرلیں تو یقین جانیے ہمارا آج بھی خوبصورت اور رب تعالیٰ کی رضا والا ہو جائے گا اور کل بھی ایمان و یقین والا ہو جائے گا۔

ایک بات سوچیں کہ ہمارے پاس جو چیز میسر رہی، جس پر ہمیں قدرت و تمکین رہی ہم سے قیامت کے دن اس چیز کا سوال ہوگا اور اس چیز کا جو ہمارے پاس تھی ہی نہیں، جس پر ہم قدرت ہی نہیں رکھتے تھے، جو ہمارے اختیار میں ہی نہ تھی... ایسی چیز کے بارے میں کیا سوال ہوگا؟ اس لیے قیامت کے دن بھی ہم سے ہمارے "آج" یعنی وہ زمانہ اور وقت جو ہمارے پاس رہا، اس کے بارے میں سوال ہوگا۔

ہمیں چاہیے کہ اپنے آج کی فکر اور قدر کریں۔ مستقبل کے غم میں اپنے آپ کو نہ پگھلائیں۔ اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں سے نکل آئیں۔ گناہوں سے توبہ کرلیں اور اللہ والوں سے جڑ جائیں۔ جہاد میں شرکت کرلیں، ان شاء اللہ مستقبل خود ہی تابناک ہوگا۔

میں جب اکثر ساتھیوں سے عرض کرتا ہوں کہ جہاد میں شرکت کریں۔ جواباً انہوں نے کہا کہ جلد کریں گے، مگر وہ جلد کیا دیر سے بھی شرکت نہ کر سکے۔ کیونکہ انہوں نے اس کام کو بھی کل پر ڈالنا چاہا، جیسے وہ دین کے باقی کاموں میں سستی کرتے اور کل پر چھوڑ دیتے۔ کبھی عشاء کی نماز کو کل پر چھوڑ دیتے۔ کبھی تلاوت کو مؤخر کر دیتے۔ کبھی روزہ قضاء کر دیتے۔ انہوں نے جہاد فی سبیل اللہ کو بھی اسی طرح کرنا چاہا۔ مگر ان کو معلوم نہ تھا کہ جہاد فی سبیل اللہ مسلمانوں میں سے بھی اعلیٰ ایمان والوں کا کام ہے۔ جن کے دل پاک ہوں، نفرت، بغض، تعصب، حسد اور کینہ سے اور جن کی آنکھوں میں چمک ہو ایمان کی، توکل کی اور جن کے چہروں سے نور چھلکتا ہو، ایمان برستا ہو، عزیمت گرجتی ہو اور شہادت کا نور چمکتا ہو... ایسے لوگوں کا کام ہے جہاد فی سبیل اللہ، ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتے ہیں، ایسے لوگوں سے اللہ جل شانہ محبت فرماتے ہیں۔

دین کے باقی فرائض تو کسی نہ کسی درجے میں کئی مسلمان ادا کرتے ہیں، مگر جہاد فی سبیل اللہ ایسا نہیں کہ اس میں شرکت کا موقع ملے اور اسے آپ ترک کردیں۔ پھر مشکل ہے کہ آپ اس راہ پر چل سکیں، مشکل ہے کہ موقع ملے۔ ویسے بھی موجودہ دور میں منافقین کی وجہ سے جہاد فی سبیل اللہ میں شرکت کچھ مشکل ہے۔ اب کسی کو نہایت آسانی سے یہ موقع میسر آئے تو وہ پھر بھی اس کی ناقدری کرے تو سوچیں اللہ جل شانہ اس کو اس کا کیسا بدلہ عنایت فرمائیں گے؟
قرآن حکیم اور حدیث شریف میں بھی آتا ہے کہ نیکی کے کاموں میں تاخیر نہ کریں بلکہ جب نیکی کا خیال آئے، سوچ اور فکر پیدا ہو تو کر گزریں۔ کیونکہ کوئی معلوم نہیں کہ آنے والے کل میں آپ کے حالات کیسے ہوں؟
ایسا نہ ہو کہ کل کے چکر میں "دنیا کے چکروں" میں پھنس جائیں اور آپ کے پاس پھر کوئی حل بھی نہ ہو۔

اُن کو ضد ہے

اُن کو ضد ہے کہ یہ موسم نہ بدلنے پائے
صبح بے شک ہو، مگر رات نہ ڈھلنے پائے

موسمِ گل بھی اگر آئے تو ایسے آئے
برق اور رعد ہو، بارش نہ برسنے پائے

جھاڑیاں اُگتی رہیں صحن چمن میں ہر سُو
پھولنے پائے شجر کوئی، نہ پھلنے پائے

یوں ہی سوئی رہے شب، چادرِ ظلمت اوڑھے
کوئی جگنو، کوئی تارا نہ چمکنے پائے

ایک لب بستہ و مجبور و تہی دست سی قوم
جو نہ زندوں میں رہے اور نہ مرنے پائے

جسم اور جان کا رشتہ رہے قائم، لیکن
زخم ایسا ہو کہ تا حشر نہ بھرنے پائے

نام سلطانیِ جمہور کا گونجے ہر سو
بات کوئی سرِ دربار نہ کرنے پائے

اک قیامت سی ہر اک گھر میں بپا ہو، بے شک
کوئی مربوط سی فریاد نہ بننے پائے

شاطرِ وقت کو دھڑکا سا لگا رہتا ہے
خلقت شہر کوئی چال نہ چلنے پائے

جس کے پلو سے چمکتے ہوں شہنشاہ کے بوٹ
ایسی دربار سے بخشی ہوئی دستار پہ تھو

جو فقط اپنے ہی لوگوں کا گلا کاٹتی ہو
ایسی تلوار مع صاحبِ تلوار پہ تھو

شہر آشوب زدہ، اس پہ قصیدہ گوئی
گنبدِ دہر کے اس پالتو فنکار پہ تھو

سب کے بچوں کو جہاں سے نہ میسر ہو خوشی
ایسے اشیائے جہاں سے بھرے بازار پہ تھو

روزِ اول سے جو غیروں کا وفادار رہا
شہرِ بد بخت کے اس دوغلے کردار پہ تھو

زور کے سامنے کمزور، تو کمزور پہ زور
عادلِ شہر! ترے عدل کے معیار پہ تھو

کاٹ کے رکھ دیا دنیا سے تری راغب نے
اے عدو ساز! تری دانشِ بیمار پہ تھو

شاعر راغب حسین

جاگ مرے پنجاب

Lorem Ipsum

جاگ مرے پنجاب کہ پاکستان چلا   سپنا ہوئے گلاب کہ پاکستان چلا
ٹوٹ چلے سب خواب کہ پاکستان چلا   جاگ مرے پنجاب کہ پاکستان چلا

سندھ بلوچستان تو کب سے روتے ہیں   زعم ہے یہ بلوانوں کو ہم جیتے ہیں
اور اہل پنجاب ابھی تک سوتے ہیں   اور کہوں میں دکھ سے یہ دن بیتے ہیں

آنکھیں ہیں پُرآب کہ پاکستان چلا   جام ہوئے زہراب کہ پاکستان چلا
جاگ مرے پنجاب کہ پاکستان چلا   جاگ مرے پنجاب کہ پاکستان چلا

جن کو زات کا غم ہے وہ کب مانے ہیں   افسردہ غزلیں گریاں افسانے ہیں
بے بس لوگوں پر بندوقیں تانے ہیں   حد نظر تک پھیلے ہوئے ویرانے ہیں

قاتل ہیں اسباب کہ پاکستان چلا   دریا ہوئے سراب کہ پاکستان چلا
جاگ مرے پنجاب کہ پاکستان چلا   جاگ مرے پنجاب کہ پاکستان چلا

آگ کی بارش سے ہے گلشن دھواں دھواں   انہی چلن سے ہم سے جدا بنگال ہوا
روش روش اب کلیوں کی مہکار کہاں   پوچھ نہ اس دکھ سے جو دل کا حال ہوا

روکو یہ سیلاب کہ پاکستان چلا
جاگ مرے پنجاب کہ پاکستان چلا


حبیب جالب

پاکستانی بیوروکریسی کی تاریخ کی عکاسی کرتی نظم

Lorem Ipsum

یہ افسر شاہی منڈی ہے ہر اہل قلم بک جاتا ہے
آ سیر کریں اس منڈی کی خوشیوں کی تمنا دل میں لئے
وہ دیکھ یہاں امریکہ سے ہر کشتہ غم بک جاتا ہے
کچھ تاجر آئے بیٹھے ہیں آ دیکھ ذرا اس منڈی میں
اس منڈی میں اک مدت سے کس کس کا بھرم بک جاتا ہے
دوکان سجائے بیٹھیں ہیں شاعر کا خیال آسانی سے
کچھ جاگیروں کے مالک ہیں اس منڈی میں بک جاتا ہے
کچھ ملیں بنائے بیٹھے ہیں اس منڈی کا ہر بیوپاری
اس افسر شاہی منڈی میں بڑھ چڑھ کر دام لگاتا ہے
فرعون بھی ہیں نمرود بھی ہیں جو اس منڈی میں بک جائے
کچھ ان میں پرانے گھاگ بھی ہیں فنکار بڑا کہلاتا ہے
کچھ ان میں نومولود بھی ہیں اس افسر شاہی منڈی میں
کچھ لوگ یہاں سے بھاگ گئے لگتے ہیں زبانوں پر پہرے
کچھ لوگ بھی موجود بھی ہیں یہ روز لگایا کرتے ہیں
یہ لوگ خریدا کرتے ہیں ہم سوختہ جانوں پر پہرے
اس دیس کے کچھ فنکاروں کو آخر یہ لگائیں گے کب تک
منہ مانگی قیمت دیتے ہیں اب اپنے خزانوں پر پہرے
ان سب ذہنی بیماروں کو یہ رات بھی اب کچھ دیر کی ہے
دیتے ہیں سہارا یہ تاجر یہ رات بھی اب کٹ جائے گی
ان گرتی ہوئی دیواروں کو جب صبح کا سورج نکلے گا
اس افسر شاہی منڈی میں سب تاریکی چھٹ جائے گی

کُل حملے
207
تفصیلی رپورٹ
روان سال (2024ء) ماہ نومبر (ربیع الثانی-جمادی الاول)



13 ولایت ملاکنڈ
02 ولایت مردان
34 ولایت پشاور
95 ولایت ڈی آئی خان
46 ولایت بنوں
01 ولایت ژوب
08 ولایت کوہاٹ
01 ضلع ہرنائی
04 ولایت جنوبی پنجاب
